اسی طرح سے کوس (ا + ب) + کوس (ا − ب) = ۲ کوس ا × کوس ب (۳)

کوس (ا − ب) − کوس (ا + ب) = ۲ سن ا × سن ب (۴)

۵۱ — سن ا ± سن ب اور کوس ا ± کوس ب کو بنام سن و کوس $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا + ب) اور $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا − ب) کے نکالو

چونکہ ا = $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا + ب) + $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا − ب) اور ب = $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا + ب) − $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا − ب)

∴ سن ا = سن $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا + ب) × کوس $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا − ب) + کوس $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا + ب) × سن $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا − ب)

سن ب = سن $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا + ب) کوس $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا − ب) − کوس $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا + ب) سن $\frac{\text{۱}}{\text{۲}}$ (ا − ب)

∴ سن ا + سن ب = ۲ سن ½ (ا + ب) کوس ½ (ا − ب) ………… (۱)

سن ا − سن ب = ۲ کوس ½ (ا + ب) سن ½ (ا − ب) ………… (۲)

اسیطرح سے کوس ا + کوس ب = ۲ کوس ½ (ا + ب) × کوس ½ (ا − ب) …… (۳)

کوس ب − کوس ا = ۲ سن ½ (ا + ب) سن ½ (ا − ب) ………… (۴)

یہی چار قاعدے جو نہایت مفید ہین دفعہ ۵۰ سے نکل سکتے تھے اگر ا + ب کو ج (جمع) سمجھتے اور ا − ب کو ف (فرق) جس حالت مین ا = ½ (ج + ف) اور ب = ½ (ج − ف)

۵۲ − دفعہ ۵۱ کے مساوات (۲) کو مساوات (۱) سے تقسیم کرنے سے −

$$\frac{\text{سن ا − سن ب}}{\text{سن ا + سن ب}} = \frac{\text{۲ کوس ½ (ا + ب) سن ½ (ا − ب)}}{\text{۲ سن ½ (ا + ب) کوس ½ (ا − ب)}} = \frac{\text{ٹان ½ (ا − ب)}}{\text{ٹان ½ (ا + ب)}}$$

اسیطرح سے اگر دفعہ ۵۱ کے مساوات (۴) کو مساوات (۳) سے تقسیم کرین تو −

$$\frac{\text{کوس ب − کوس ا}}{\text{کوس ا + کوس ب}} = \text{ٹان ½ (ا + ب) ٹان ½ (ا − ب)}$$ اور

$$\frac{\text{سن ا ± سن ب}}{\text{کوس ا + کوس ب}} = \text{ٹان ½ (ا ± ب) اور } \frac{\text{سن ا ± ب}}{\text{کوس ب − کوس ا}} = \text{کوٹان ½ (ا ∓ ب)}$$

(دونون علامات کے اوپر والے اکٹھے اور نیچے والے اکٹھے سمجھنا چاہیے)

۵۳ − $$\text{ٹان ا ± ٹان ب} = \frac{\text{سن ا}}{\text{کوس ا}} \pm \frac{\text{سن ب}}{\text{کوس ب}} = \frac{\text{سن ا × کوس ب ± کوس ا × سن ب}}{\text{کوس ا × کوس ب}} = \frac{\text{سن (ا ± ب)}}{\text{کوس ا کوس ب}}$$

اسیطرح کوٹ ب ± کوٹ ا = $\frac{\text{سن (ا ± ب)}}{\text{سن ا سن ب}}$ (دونوں علامات کے اوپر والے اکٹھے اور نیچے والے اکٹھے سمجھنا چاہیے)

۵۴ - سن (ا + ب) سن (ا - ب) = سن^{۲} ا کوس^{۲} ب - کوس^{۲} ا سن^{۲} ب

= سن^{۲} ا (۱ - سن^{۲} ب) - (۱ - سن^{۲} ا) سن^{۲} ب

= سن^{۲} ا - سن^{۲} ب

اسیطرح سن (ا + ب) سن (ا - ب) = کوس^{۲} ب - کوس^{۲} ا

کوس (ا + ب) کوس (ا - ب) = کوس^{۲} ا - سن^{۲} ب یا = کوس^{۲} ب - سن^{۲} ا

۵۵ - ثابت کرو کہ سن ن ا + سن (ن - ۲) ا = ۲ سن (ن - ۱) ا × کوس ا

اور کوس ن ا + کوس (ن - ۲) ا = ۲ کوس (ن - ۱) ا × کوس ا

سن ن ا = سن {(ن - ۱) ا + ا} = سن (ن - ۱) ا × کوس ا + کوس (ن - ۱) ا × سن ا

سن (ن - ۲) ا = سن (ن - ۱) ا کوس ا - کوس (ن - ۱) ا سن ا

∴ سن (ن ا) + سن (ن - ۲) ا = ۲ سن (ن - ۱) ا کوس ا .... (۱)

کوس ن ا = کوس (ن - ۱) ا × کوس ا - سن (ن - ۱) ا سن ا اور

کوس (ن - ۲) ا = کوس (ن - ۱) ا کوس ا + سن (ن - ۱) ا × سن ا

∴ کوس ن ا + کوس (ن - ۲) ا = ۲ کوس (ن - ۱) ا کوس ا .... (۲)

حاصل اگر ن = ۲ تو مساوات نمبر (۱) سے سن ۲ا = ۲ سن ا × کوس ا

" " (۲) سے کوس ۲ا + ۱ = کوس۲ ا

یا کوس ۲ا = ۲ کوس۲ ا − ۱

اگر ن = ۳ تو بموجب مساوات (۱) کے سن ۳ا = ۲ سن ۲ا کوس ا − سن ا

= ۴ سن ا کوس۲ ا − سن ا = ۴ سن ا (۱ − سن۲ ا) − سن ا = ۳ سن ا − ۴ سن۳ ا

اور بموجب مساوات دوم (۲) کے کوس ۳ا = ۲ کوس ۲ا × کوس ا − کوس ا

= ۲ کوس ا (۲ کوس۲ ا − ۱) − کوس ا

= ۴ کوس۳ ا − ۳ کوس ا

اور اسیطرح سے ن کو ۴ و ۵ و ۶ وغیرہ سمجھنے سے سن ۴ا و سن ۵ا وغیرہ و کوس ۴ا و کوس ۵ا وغیرہ بنام سن ا و کوس ا کے معلوم ہو سکتے ہیں۔

۵۶ − اسیطرح سے سن ن ا − سن (ن − ۲) ا = ۲ کوس (ن − ۱) ا × سن ا (۱)

اور کوس (ن − ۲) ا − کوس ن ا = ۲ سن (ن − ۱) ا × سن ا ...... (۲)

۵۷ − دفعہ ۵۶ کے قاعدہ نمبر (۲) سے ن کو ۱ و ۲ و ۳ یا ۴ وغیرہ سمجھنے سے کوس ن ا کو بنام سن ا، سن ۲ا، سن ۳ا کے نکال سکتے ہیں۔

فرض کرو کہ ن کوئی مثبت صحیح عدد جفت ہے اور برابر ہے ۲م کے

∴ کوس ۲(م-۱) ل - کوس ۲م ل = ۲ سن (۲م-۱) ل سن ل

اوسیطرح کوس ۲(م-۲) ل - کوس ۲(م-۱) ل = ۲ سن (۲م-۳) ل سن ل

کوس ۲(م-۳) ل - کوس ۲(م-۲) ل = ۲ سن (۲م-۵) ل سن ل

وغیرہ وغیرہ = وغیرہ وغیرہ

کوس ۲(م-م) ل - کوس ۲{م-(م-۱)} ل = ۲ سن ل × سن ل

اسلیے جوڑنے سے چونکہ کوس ۲(م-م) ل یا کوس ۰ = ۱

۱ - کوس ۲م ل = ۲ سن ل {سن (۲م-۱) ل + سن (۲م-۳) ل + ... + سن ۳ل + سن ل}

∴ کوس ۲م ل = ۱ - ۲ سن ل {سن (۲م-۱) ل + سن (۲م-۳) ل + ... + سن ۳ل

+ سن ل} .... (۱)

اسیطرح سے اگر ن طاق ہو اور برابر ہو ۲م + ۱ کے تو

کوس (۲م+۱) ل = کوس ل - ۲ سن ل {سن ۲م ل + سن ۲(م-۱) ل + ... + سن ۴ ل

+ سن ۲ل} .... (۲)

حاصل اگر م = ۱ تو ان قاعدوں سے ظاہر ہے کہ

کوس ۲ل = ۱ - ۲ سن ل × سن ل = ۱ - ۲ سن۲ ل

کوس ۳ل = کوس ل - ۲ سن ل × سن ۲ل = کوس ل - ۲ سن ل × ۲ سن ل × کوس ل

= کوس ل - ۴ کوس ل (۱ - کوس۲ ل) = ۴ کوس۳ ل - ۳ کوس ل

۵۸ — ۱۰° و ۲۰° و ۳۰° و ۵۰° کے ساین وکوساین نکالو

سن ۳۶° = کوس (۹۰° − ۳۶°) = کوس ۵۴° اگر ا = ۱۸° تو سن ۲ا = کوس ۳ا

∴ ۲ سن ا × کوس ا = ۴ کوس۲ ا × کوس ا − ۳ کوس ا   (۵۵)

∴ ۲ سن ا = ۴ کوس۲ ا − ۳

= ۴ (۱ − سن۲ ا) − ۳

∴ ۴ سن۲ ا + ۲ سن ا = ۱

اور اس مساوات کے حل کرنے سے سن ا = (±√۵ − ۱)/۴ اور چونکہ سن ۱۸° مثبت ہے اسلیے اس مساوات کی مثبت علامات لینا چاہیے

∴ ¼ (√۵ − ۱) = ساین ۱۸° = کوساین (۹۰° − ۱۸°) = کوساین ۷۲° ... (۱)

اور کوس۲ ۱۸° = ۱ − سن۲ ۱۸° = ۱ − (۶ − ۲√۵)/۱۶ = (۱۰ + ۲√۵)/۱۶

∴ کوس ۱۸° = ¼ √(۱۰ + ۲√۵) = سن ۷۲° .... (۲)

اور سن ۵۴° = کوس ۳۶° = کوس ۲ × ۱۸° = کوس۲ ۱۸° − سن۲ ۱۸°

= (۱۰ + ۲√۵)/۱۶ − (۶ − ۲√۵)/۱۶

= ¼ (۱ + √۵) .... (۳)

کوس۲ ۵۴° = ۱ − سن۲ ۵۴° = ۱ − (۶ + ۲√۵)/۱۶ = ۱/۱۶ (۱۰ − ۲√۵)

∴ کوس ۵۴° = ¼ √(۱۰ − ۲√۵) = سن ۳۶° .... (۴)

۵۹ — دریافت کرو کہ کسی زاویہ کو بڑہنے بڑہنی سے اوسکا ساین کتنا بڑہیگا۔

فرض کرو کہ زاویہ ا مین زاویہ ط جوڑا گیا ہے اور فرض کرو کہ بہ سبب اس زیادتی کے جو زیادتی ساین ا مین ہوے اوسکے عوض مین ہ ساین ا سمجہا گیا ہے تو

ہ ساین ا = سن (ا + ط) — سن ا = سن ا کوس ط + کوس ا × سن ط — سن ا

= کوس ا × سن ط — سن ا (ا — کوس ط)

= کوس ا × سن ط (ا — ٹان ا × ۲ سن^۲ ½ ط ÷ سن ط) = ... (۳۹

= کوس ا × سن ط (ا — ٹان ا ۲ سن^۲ ½ ط ÷ ۲ سن ½ ط کوس ½ ط) =

کوس ا سن ط (ا — ٹان ا × ٹان ½ ط)

حاصل اگر ط زاویہ چہوٹا ہو تو ٹان ½ ط نہایت چہوٹا ہے اور مساوات مندرجۂ بالا مین اگر ٹان ا نہایت بڑا نہو یعنی اگر ا قریب = (۲ ن + ۱) °۹۰ نہو جہان ن برابر ہی صفر یا صحیح عدد کے) تو ٹان ا × ٹان ½ ط نہایت چہوٹا عدد ہے اور بمشابہہ صحیح عدد ایک کے اس کا لحاظ نہین ہوتا اور چہوڑ دیا جا سکتا ہے ایسلیے جس حالت مین ط نہایت چہوٹا ہے اور ا تقریب (۲ ن + ۱) °۹۰ کے نہین ہے تو ہ سن ا = کوس ا × سن ط (تقریبا)

[illegible] ظاہر ہے کہ مساوات مندرجۂ بالا مستعمل نہین ہوتا جب ا کسی مثلث کا زاویہ ہوتا ہے کیونکہ اگر ا قریب ایک قایمہ کے ہو تو زیادتی سن ا کی جو باعث ازدیاد ا

ہوتی ہے نہین دریافت ہوسکتی ہے

۶۰— اگر کوئی زاویہ بڑہ جاوے تو دریافت کرو کہ اوسکا کوساین کتنا گھٹ جاوے گا

∆ کوس ا = کوس (ا + ط) - کوس ا = کوس ا × کوس ط - سن ا × سن ط - کوس ا

= - سن ا × سن ط - کوس ا (۱ - کوس ط)

= - سن ا × سن ط (۱ + کوٹ ا × $\frac{\text{۲ سن}^{۲}\,\frac{۱}{۲}\text{ط}}{\text{سن ط}}$)

= - سن ا × سن ط (۱ + کوٹ ا × ٹان ½ ط)

حاصل ۱ - موافق بیان دفعہ ۵۹ کے اگر ط نہایت چھوٹا زاویہ ہو اور کوٹ ا نہایت بڑا نہو (یعنی اگر ا ۲ن × ۹۰° کی قریب نہو) تو کوٹ ا × ٹان ½ ط اور بمشابہ صحیح عدد ایک کے چھوڑ دیا جاسکتا ہے اور ∆ کوس ا = - سن ا × سن ط (قریب)

اس سے یہ ثابت ہے کہ اگر (۱) ط بہت چھوٹا زاویہ ہو اور (۲) ا قریب صفر یا ۱۸۰° کے نہو تو یہ مساوات اوس حالتمین مستعمل نہین ہوتا جبکہ ا کسی مثلث کا زاویہ ہے

حاصل دوم - اگر ا ۹۰° سے کم ہو تو کوس ا و سن ا دونون مثبت ہے اور اسلیے ∆ کوس ا اسحالت مین ضرور منفی ہوگا پس اون زاویون کے کوساین جو قایمی سے چھوٹے ہین گھٹتے جائین گے جون جون زاویہ بڑہتا جاوے گا۔

اگر ا ایک قایمی سے بڑا اور دو قایمون سے چھوٹا ہو تو کوس ا منفی اور سن ا

مثبت ہے اسلیے ∵ کوس ا منفی ہے پس اون زاویون کا کوساین جو ایک قائمہ سے بڑی اور دو قائمہ سے چھوٹے ہے بڑہتی جاوی گی مگر منفی رہے گی)۔

۱۱۶— اگر کوئی زاویہ بڑہ جاوے تو دریافت کرو کہ بہ سبب اوسکی بڑہنے کے اوسکا سکنٹ کتنا بڑہے گا۔

$$\Delta\,\text{سک ا} = \text{سک (ا + ط)} - \text{سک ا} = \frac{1}{\text{کوس (ا + ط)}} - \frac{1}{\text{کوس ا}}$$

$$= \frac{\text{کوس ا} - \text{کوس (ا + ط)}}{\text{کوس ا} \times \text{کوس (ا + ط)}} = \frac{\text{سن ا} \times \text{سن ط (۱ + کوٹ ا ٹان } \tfrac{1}{2}\text{ ط)}}{\text{کوس ا (کوس ا} \times \text{کوس ط} - \text{سن ا} \times \text{سن ط)}} \;\cdots(۶۰)\;(۴۴)$$

$$= \frac{\text{سن ا}}{\text{کوس ا}} \times \frac{1}{\text{کوس ا}} \times \frac{\text{سن ط}}{\text{کوس ط}} \times \frac{\text{۱ + کوٹ ا ٹان } \tfrac{1}{2}\text{ ط}}{\text{۱} - \text{ٹان ا ٹان ط}}$$

$$= \text{ٹان ا سک ا ٹان ط} \times \frac{\text{۱ + کوٹ ا ٹان } \tfrac{1}{2}\text{ ط}}{\text{۱} - \text{ٹان ا ٹان ط}}$$

حاصل اگر ط نہایت چھوٹا ہو اور ٹان ا و کوٹ ا دونون بڑی نہون (یعنی اگر ا ن ۹۰° کے قریب نہو جسمین ن صفر یا کوئی عدد مثبت یا منفی ہے) تو کوٹ ا (ٹان ½ ط) اور ٹان ا × ٹان ط دونون ایسے چھوٹے ہونگے کہ اونکا ہونا و نہونا برابر ہے لہذا اونکو الگ کر دینے سے

$$\Delta\,\text{سک ا} = \text{ٹان ا} \cdot \text{سک ا} \times \text{ٹان ط} \quad \text{(عنقریب)}$$

یاد رکھنا چاہیے کہ اگر ا کسی مثلث کا زاویہ ہووے تو یہ قاعدہ صرف اوسی حالت مین کارآمد ہو سکتا ہے جب ط نہایت چھوٹا زاویہ ہے اور ا صفر یا ۹۰° یا ۱۸۰° کے قریب نہین ہے

۶۲- اگر کوئی زاویہ بڑہ جاوے تو دریافت کرو کہ بہ سبب بڑہنے زاویہ مذکور کے اوس کا ٹانجنٹ کتنا بڑہ جاوے گا۔

$$\Delta\,\text{ٹان ا} = \text{ٹان (ا + ط)} - \text{ٹان ا} = \frac{\text{سن (ا + ط)}}{\text{کوس (ا + ط)}} - \frac{\text{سن ا}}{\text{کوس ا}}$$

$$= \frac{\text{سن (ا+ط) کوس ا} - \text{کوس (ا+ط) سن ا}}{\text{کوس ا (کوس ا} \times \text{کوس ط} - \text{سن ا} \times \text{سن ط)}}$$

مگر $\text{سن (ا + ط) کوس ا} - \text{کوس (ا+ط) سن ا} = \text{سن} \left[\text{(ا + ط)} - \text{ا} \right] = \text{سن ط}$

$$\therefore \Delta\,\text{ٹان ا} = \frac{\text{سن ط}}{\text{کوس}^2\text{ ا کوس ط (۱} - \text{ٹان ا ٹان ط)}} = \text{سک}^2\text{ ا ٹان ط} \times \frac{1}{\text{۱} - \text{ٹان ا ٹان ط}}$$

حاصل اگر ط نہایت چھوٹا ہے اور ٹان ا نہایت بڑا نہو (یعنی ا م (۲ن + ۱) ۹۰° کے قریب نہو اور یہان ن = صفر یا کسی صحیح عدد کے) تو $\Delta\,\text{ٹان ا} = \text{سک}^2\text{ ا ٹان ط}$ تخمینہ اگر ا کسی مثلث کا زاویہ ہو تو قاعدہ کارآمد نہوگا، جب زاویہ ا قریب ایک قائمہ کی ہے۔

۶۳- اگر زاویہ ا ذرا بڑہ جاوے تو اوس زاویہ کے سن کی زیادتی $\Delta = د$ ہوگی کوساین کی کمی سے بموجب اسکے کہ $\text{کوس ا}\,\Delta = \text{د سن ا}$ سے جسحالت مین ا نہایت چھوٹا یا ۹۰° کی اضعاف کی قریب نہو کیونکہ $\Delta\,\text{سن ا} = \text{کوس ا} \times \text{سن ط}$ اگر (۲ن + ۱) ۹۰° کی قریب نہو (بموجب دفعہ ۵۹ کے حاصل کی)

$\Delta\,\text{کوس ا} = -\text{سن ا} \times \text{سن ط}$ اگر ا ۲ن × ۹۰° کے قریب نہو

ایلیے (اگر ن صفر یا کوئی صحیح عدد ہو) اور اگر ا بہت چھوٹا یا عنقریب °۹۰ کی اضعاف کی نہو۔

ے سائن ا ۲ = ح (ا − ے کوس ا) ہوگا چونکہ کوس ا ۲ = ح سن ا ہے

حاصل

اون زاویوں میں جو °۹۰ ڈگری سے کم ہیں ے سن ا ۲ یا ح (ا − ے کوس ا) کا ہی جب ا °۴۵ سے کم خواہ زیادہ ہے دفعہ ۴۱ کی بموجب

۶۴ — اصطلاح $\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}$ سی اوس زاویہ سے مراد ہے جس زاویہ کا ٹان ٹ ہی یعنے اگر ٹ = ٹان ا تو ا = $\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}$

اسیطرح $\text{سن}^{-1}\text{ج}$ اور $\text{کوس}^{-1}\text{ج}$ وغیرہ سے اوس زاویہ سے مراد ہے جسکا سن ج اور جسکا کوس ج وغیرہ ہے۔

۶۵ — ثابت کرو کہ
$$\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_1+\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_2=\text{ٹان}^{-1}\frac{\text{ٹ}_1+\text{ٹ}_2}{1-\text{ٹ}_1\text{ٹ}_2}$$

$$\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_1-\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_2=\text{ٹان}^{-1}\frac{\text{ٹ}_1-\text{ٹ}_2}{1+\text{ٹ}_1\text{ٹ}_2}$$

فرض کرو کہ ا = ٹ_1 اور ٹان ب = ٹ_2

تب بموجب اصطلاح (۶۴) کی $\text{ا} = \text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{1}$ اور $\text{ب} = \text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{2}$

اب $\text{ٹان}(\text{ا} + \text{ب}) = \dfrac{\text{ٹان ا} + \text{ٹان ب}}{1 - \text{ٹان ا ٹان ب}}$

∴ بموجب اصطلاح $\text{ا} + \text{ب} = \text{ٹان}^{-1}\dfrac{\text{ٹان ا} + \text{ٹان ب}}{1 - \text{ٹان ا ٹان ب}}$

یا $\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{1} + \text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{2} = \text{ٹان}^{-1}\dfrac{\text{ٹ}_{1} + \text{ٹ}_{2}}{1 - \text{ٹ}_{1}\text{ٹ}_{2}}$ .... (۱)

اسیطرح سے $\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{1} - \text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{2} = \text{ٹان}^{-1}\dfrac{\text{ٹ}_{1} - \text{ٹ}_{2}}{1 + \text{ٹ}_{1}\text{ٹ}_{2}}$ .... (۲)

۶۶ — اگر ٹ_{1} و ٹ_{2} .... $\text{ٹ}_{ن}$ کسی زاویہ کی ٹانجنٹ ہون تب

$$\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{1} - \text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{ن} = \text{ٹان}^{-1}\frac{\text{ٹ}_{1} - \text{ٹ}_{2}}{1 + \text{ٹ}_{1}\text{ٹ}_{2}} + \text{ٹان}^{-1}\frac{\text{ٹ}_{2} - \text{ٹ}_{3}}{1 + \text{ٹ}_{2}\text{ٹ}_{3}} + \dots + \text{ٹان}^{-1}\frac{\text{ٹ}_{ن-1} - \text{ٹ}_{ن}}{1 + \text{ٹ}_{ن-1}\text{ٹ}_{ن}}$$

کیونکہ $\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{1} - \text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{2} = \text{ٹان}^{-1}\dfrac{\text{ٹ}_{1} - \text{ٹ}_{2}}{1 + \text{ٹ}_{1}\text{ٹ}_{2}}$

$\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{2} - \text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{3} = \text{ٹان}^{-1}\dfrac{\text{ٹ}_{2} - \text{ٹ}_{3}}{1 + \text{ٹ}_{2}\text{ٹ}_{3}}$

$\dots\dots\dots = \dots\dots\dots\dots$

$\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{ن-1} - \text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{ن} = \text{ٹان}^{-1}\dfrac{\text{ٹ}_{ن-1} - \text{ٹ}_{ن}}{1 + \text{ٹ}_{ن-1}\text{ٹ}_{ن}}$

∴ جوڑنے سے $\text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{1} - \text{ٹان}^{-1}\text{ٹ}_{ن}$

$$= \text{ٹان}^{-1}\frac{\text{ٹ}_{1} - \text{ٹ}_{2}}{1 + \text{ٹ}_{1}\text{ٹ}_{2}} + \text{ٹان}^{-1}\frac{\text{ٹ}_{2} - \text{ٹ}_{3}}{1 + \text{ٹ}_{2}\text{ٹ}_{3}} + \dots + \text{ٹان}^{-1}\frac{\text{ٹ}_{ن-1} - \text{ٹ}_{ن}}{1 + \text{ٹان}_{ن-1}\,\text{ٹان}_{ن}}$$

۶۷ — مثلثین اون سوالون کی جو حل ہو سکتی ہین اون قاعدون سے جنکا ذکر باب دوسرے و تیسرے مین ہوا ہے ـ

(۱) ثابت کرو کہ $\frac{\text{کوس ا + سن ا}}{\text{کوس ا − سن ا}} =$ سک ۲ا + ٹان ۲ا

(اس مساوات کو ثابت کرنے کے لیے کسر کے نسب نما کو کوس ۲ا یا کوس^2 ا − سن^2 ا کی صورت مین لانا چاہیے اسیلیے نسب نما اور شمار کنندہ دونون کو شمار کنندہ سے ضرب دو تو)

$$\frac{\text{کوس ا + سن ا}}{\text{کوس ا − سن ا}} = \frac{(\text{کوس ا + سن ا})^2}{\text{کوس}^2\text{ ا − سن}^2\text{ ا}} = \frac{\text{کوس}^2\text{ ا + سن}^2\text{ ا + ۲ کوس ا سن ا}}{\text{کوس}^2\text{ ا − سن}^2\text{ ا}} = \frac{\text{۱ + سن ۲ا}}{\text{کوس ۲ا}}$$

(بموجب دفعات (۲۶ و ۲۷) اور ۳۸ و ۳۹) $= \frac{۱}{\text{کوس ۲ا}} + \frac{\text{سن ۲ا}}{\text{کوس ۲ا}} =$ سک ۲ا + ٹان ۲ا

(۲) ثابت کرو کہ کوس ۲ا $= \frac{۱}{\text{۱ + ٹان ۲ا ٹان ا}}$ (اگر اس مساوات کو الٹ دیوین تو $\frac{۱}{\text{کوس ۲ا}} =$ ۱ + ٹان ۲ا ٹان ا اگر دہنی طرف کے جز کو ا و ۲ا کے ساین و کوساین مین لا کر کسر کے صورت مین لکھین تو نسب نما کوس ۲ا × کوس ا ہوگا اور شمار کنندہ میں انہیں زاویون کے ساین اور کوساین آوینگی اسیلیے پہلی $\frac{۱}{\text{کوس ۲ا}}$ کو ایسی صورت کے کسر مین ظاہر کرنا چاہیے)

$$\frac{۱}{\text{کوس ۲ا}} = \frac{\text{کوس ا}}{\text{کوس ۲ا × کوس ا}} = \frac{\text{کوس (۲ا − ا)}}{\text{کوس ۲ا × کوس ا}}$$

$$= \frac{\text{کوس ۲ا × کوس ا + سن ۲ا × سن ا}}{\text{کوس ۲ا × کوس ا}} = ۱ + \frac{\text{سن ۲ا}}{\text{کوس ۲ا}} \times \frac{\text{سن ا}}{\text{کوس ا}}$$

$= ۱ +$ ٹان ۲ا ٹان ا $\therefore$ کوس ۲ا $= \frac{۱}{\text{۱ + ٹان ۲ا ٹان ا}}$

ذیل کی مساوانون مین وہ زاویہ دریافت کرنا ہے کہ جبن کے یا جنکے اضعاف کے ساین وغیرون سے وہ مساوات موضوع ہوئی ہین

(۳) - زاویہ ا کی وہ مقدار دریافت کرو جس سے سن ۲ا = سن ا صحیح نکلی

سن ا = سن ۲ا = ۲ سن ا × کوس ا . . . دفعہ ۳۱

∴ ۲ کوس ا = ۱ اور کوس ا = $\frac{۱}{۲}$ پس ا = ۶۰° دفعہ ۳۲

(۴) - زاویہ ب کی وہ مقدار دریافت کرو جس سے سن ا + سن (۲ ب + ا)
− سن (۲ ب − ا) = سن (ب + ا) − سن (ب − ا) صحیح نکلی

دفعہ ۵۰ کے ضمیمہ ۲ کے بموجب مساوات بالا کے صورت یون ہے —

سن ا + ۲ کوس ۲ ب × سن ا = ۲ کوس ب سن ا

∴ ۱ + ۲ کوس ۲ ب = ۲ کوس ب

∴ ۱ + ۲ (۲ کوس^{۲} ب − ۱) = ۲ کوس ب بموجب دفعہ ۳۹

اس سے یہ نکلتا ہے کہ کوس ب = $\frac{۱}{۴}$ (۱ ± $\sqrt{۵}$)

مگر بموجب دفعہ ۵۰ ضمیمہ ۳ کے $\frac{۱}{۴}$ (۱ + $\sqrt{۵}$) = کوس ۳۶° اور اوسی دفعہ کے ضمیمہ (۱) کے روسی $\frac{۱}{۴}$ (۱ − $\sqrt{۵}$) = − $\frac{۱}{۴}$ ($\sqrt{۵}$ − ۱) = − کوس ۷۲° = کوس (۱۸۰° − ۷۲°) = کوس ۱۰۸°

∴ ب = ۳۶° یا ۱۰۸°

(۵) ثابت کرو کہ ۲ کوس ۱۱° ۱۵ دقیقے = √(۲ + √(۲ + √۲))

کوس ۴۵° = ۱/√۲ اسلیئے ۲ کوس ۴۵° = √۲

∴ ۲(۲ کوس^۲ ½ × ۴۵° − ۱) = √۲ ∴ ۲ کوس ½ × ۴۵° = √(۲ + √۲)

∴ ۲ × {۲ کوس^۲ ۴۵°/(۲)^۲ − ۱} = √(۲ + √۲)

∴ ۲ کوس ۴۵°/(۲)^۳ یا ۲ کوس ۱۱° ۱۵′ = √(۲ + √(۲ + √۲))

حاصل

اگر ن مرتبہ اسی عمل کو مکرر کرتی جاویں تو ظاہر ہوگا کہ ۲ کوس ۴۵°/(۲)^ن = √(۲ + √(۲ + ...)) وغیرہ جہاں ۲ معہ علامات جذر ن + ۱ دفعہ آویگی جذر کی علامت آخر تک رہینگی

(۶) اگر لا ٹان ل = (√(۱ + لا) − ۱)(√(۱ − لا) + ۱) تو ثابت کرو کہ لا = سن ۴ل

اگر لا ٹان ل = (√(۱ + لا) − ۱)(√(۱ − لا) + ۱) × (√(۱ + لا) + ۱)/(√(۱ + لا) + ۱)

= لا × (√(۱ − لا) + ۱)/(√(۱ + لا) + ۱)

∴ √(۱ − لا) + ۱ = (√(۱ + لا) + ۱) × ٹان ل

∴ (۱ − ٹان ل)^۲ = {√(۱ + لا) × ٹان ل − √(۱ − لا)}^۲

اس سے ۲ ٹان ل = لا {۱ − ٹان^۲ ل} + ۲ √(۱ − لا^۲) × ٹان ل

∴ ۱ = لا × (۱ − ٹان^۲ ل)/(۲ ٹان ل) + √(۱ − لا^۲) ∴ √(۱ − لا^۲) = ۱ − لا × کوٹ ۲ل ......(۱)

∴ ۱ − لا^{۲} = ۱ − ۲ لا × کوٹ ۲ل + لا^{۲} × کوٹ^{۲} ۲ل

∴ لا^{۲} (۱ + کوٹ^{۲} ۲ل) − ۲ لا × کوٹ ۲ل = ۰

∴ لا = ۰ یا لا = $\frac{\text{۲ کوٹ ۲ل}}{\text{۱ + کوٹ}^{۲}\text{ ۲ل}}$ = ۲ × $\frac{\text{کوٹ ۲ل}}{\text{کوسک}^{۲}\text{ ۲ل}}$ = ۲ سن ۲ل × کوس ۲ل = سن ۴ل

(۷) ثابت کرو کہ ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۳}$ + ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۵}$ + ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۷}$ + ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۸}$ = ۴۵°

ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۳}$ + ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۵}$ = ٹان$^{-۱}$ $\frac{\frac{۱}{۳} + \frac{۱}{۵}}{۱ - \frac{۱}{۳} \times \frac{۱}{۵}}$ ‎.....(۶۵) = ٹان$^{-۱}$ $\frac{۴}{۷}$

اسیطرح ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۷}$ + ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۸}$ = ٹان$^{-۱}$ $\left(\frac{\frac{۱}{۷} + \frac{۱}{۸}}{۱ - \frac{۱}{۷} \times \frac{۱}{۸}}\right)$ = ٹان$^{-۱}$ $\frac{۳}{۱۱}$

∴ ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۳}$ + ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۵}$ + ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۷}$ + ٹان$^{-۱}$ $\frac{۱}{۸}$

= ٹان$^{-۱}$ $\frac{۴}{۷}$ + ٹان$^{-۱}$ $\frac{۳}{۱۱}$ = ٹان$^{-۱}$ $\frac{\frac{۴}{۷} + \frac{۳}{۱۱}}{۱ - \frac{۴}{۷} \times \frac{۳}{۱۱}}$ = ٹان$^{-۱}$ $\frac{۶۵}{۶۵}$ = ٹان$^{-۱}$ ۱ = ۴۵°

باب چہارم مثلثون کی حل کرنیکے بیان مین

۶۹۔ مثلث چھ جزون سے مرکب ہوتا ہے یعنی تین اضلاع اور تین زاویہ ان جزون سے کوئی تین جز سوای تین زاویون کی اگر معلوم ہون تو باقی تین اکثر معلوم ہو سکتے ہین۔ مثلثون کے زاویون مین جتنی ڈگری ہون اونکو حروف و ت ر سی جو احاطہ زاویون پر لکھی گئی ہین ظاہر کرینگے اور اونکی سامنے والے ضلعون کی لمبائی کو حروف ث ڈ ر سے ظاہر کرین گے۔

۷۰۔ کسی مثلث کی زاویون کا ساین اون زاوئون کی محاذی اضلاع سے متناسب ہوتا ہے

فرض کرو کہ و ت ر ایک مثلث ہی نقطہ و سے ت ر پر یا اوسکی بڑہائی ہوئی حصہ پر و ب عمود گراو







تو سن و ت ر = سن و ت ب = $\frac{\text{و ب}}{\text{و ت}}$

تیسری شکل کی نسبت مین دفعہ ۲۶ دیکھو

اور $\text{سن ورت} = \text{سن ورب} = \frac{\text{وب}}{\text{ور}}$

$$\therefore \text{سن} \frac{\text{وت ر}}{\text{ورت}} = \frac{\text{ور}}{\text{وت}}$$

$$\therefore \frac{\text{سن ت}}{\text{سن ر}} = \frac{\text{ٹ}}{\text{ڑ}} \quad \text{یا} \quad \frac{\text{سن ت}}{\text{ٹ}} = \frac{\text{سن ر}}{\text{ڑ}}$$

اسیطرح سے اگر نقطہ ر سی اوسکے مقابل کے ضلع یا ٹ یا ڑ پر یا اوسکے حصہ پر عمود ڈالین تو ثابت ہوسکتا ہے۔

$$\frac{\text{سن ت}}{\text{ٹ}} = \frac{\text{سن و}}{\text{ڈ}}$$

اسلیئے $\frac{\text{سن ت}}{\text{ٹ}} = \frac{\text{سن ر}}{\text{ڑ}} = \frac{\text{سن و}}{\text{ڈ}}$ اسمین حروف ٹ ڑ ڈ اون اعداد کی بجای رکھی گئی ہین جو اعداد ظاہر کرتے ہین کہ ایکائی ضلع کی اون ضلعون مین کے کتنے مرتبہ ہے کیونکہ بغیر اسکے سن ت اور ٹ ایک قسم کی مقدار نہین ہوسکتی ہے اور اس سبب سے اونکی درمیان کسی تناسب کا ہونا ممکن نہوگا۔

۱۷— چونکہ کسی مثلث کی تینون زاویہ ملکر برابر ہوتے ہین دو قایمہ کی اقلیدس کی مقالہ اول شکل ۳۲

$\therefore$ ت + و + ر = ۱۸۰° ڈگری اور

$$\frac{\text{سن ت}}{\text{سن ر}} = \frac{\text{ٹ}}{\text{ڑ}} \quad \text{اور} \quad \frac{\text{سن ر}}{\text{سن و}} = \frac{\text{ڑ}}{\text{ڈ}}$$

اور ان تین مساواتون کے ذریعہ سے اگر مثلث کی تین جز معلوم ہون تو باقی تین جز معلوم ہوسکتے ہین تین جزون معلومہ مین ایک جز ضرور ایک ضلع ہونا چاہیے

تناسب معلوم ہونگے جو ضلعون ٹ ڈ ڑ کی درمیان مین ہین اور لہذا باقی اضلاع ٹ ڈ ڑ کی معلوم ہونا غیر ممکن ہوگا کیونکہ اوس حالت مین صرف دو ہی مساوات یعنے $\frac{\text{سن ٹ}}{\text{سن ڑ}} = \frac{\text{ٹ}}{\text{ڑ}}$ اور $\frac{\text{سن ڑ}}{\text{سن ڈ}} = \frac{\text{ڑ}}{\text{ڈ}}$ واسطے دریافت کرنے تین جزو غیر معلومہ یعنی ٹ ڈ ڑ کی ہونگی اور صرف دو مساوات سے تین جزو غیر معلومہ معلوم نہین ہو سکتے ۔

ظاہر ہے کہ کسی مثلث معینہ کی گرد ایسے مثلث بیشمار ہو سکتے جنکے زاوی مثلث معینہ کے زاویون کی ڈگری کی برابر ہون اور جنکے اضلاع مثلث معینہ کی اضلاع کے متوازی ہون ۔

۲۷ ۔ صرف ایک حالت مین جسکو حالت شک کے کہتے ہین مساوات دفعہ ۱۷ سے وہ مثلث کہ جسکے تین جز معلوم ہین دریافت نہین ہو سکتا ہے ۔

اگر دو اضلاع اور ایک زاویہ مقابل ایک ضلع معلوم کسی مثلث کا یعنے اضلاع ٹ ع ڑ اور زاویہ ت معلوم ہون تو باقی ایک ضلع اور دو زاوی مثلث کی صرف اوس حالت مین معلوم ہو سکتے ہین جب کہ زاویہ معلومہ کی مقابل کا ضلع معلومہ دوسرے ضلع معلومہ سے بڑا ہو یعنی جب ضلع ٹ بڑا ہے ضلع ڑ سے ۔

مساوات دفعہ ۱۷ کی یہہ ہین ۔

$$(۱)\ \text{ر} + \text{و} = ۱۸۰^\circ - \text{ت} \qquad (۲)\ \text{سن ر} = \frac{\text{ٹر}}{\text{ٹت}} \times \text{سن ت}$$

$$(۳)\ \text{ٹو} = \text{ٹر} \times \frac{\text{سن و}}{\text{سن ر}}$$

اگر ر (۲) سے معلوم ہوسکتا ہے تو وم ٹو بذریعہ مساوات (۱) اور (۳) سے معلوم ہوسکتے ہین اور کل مثلث جسکی یہہ ضلع اور زاویہ ہین معلوم ہوسکتا ہے مگر چونکہ سن کسی زاویہ کا برابر ہے سن ضمیمہ اوس زاویہ کی اسلیے زاویہ ر کے دو جواب ہین جس سے مساوات (۲) صحیح نکلتا ہے اور جن دو جوابون سے ایک جواب ۹۰° سے بڑا ہے اور دوسرا کم۔

اوّل فرض کرو کہ ٹ بڑا ہے ٹر سے ∴ ت > ر (اقلیدس کے مقالہ اول شکل ۱۸)۔ مگر ر ۹۰° سے بڑا نہین ہوسکتا کیونکہ اگر ایسا ہو تو ت + ر ۱۸۰° سے بڑا ہوگا اور یہ غیر ممکن ہے اقلیدس کے (مقالہ اول شکل ۱۷)

∴ ر < ۹۰° اور چھوٹے زاویہ کو ر کا مقدار سمجھنے سے مساوات (۲) صحیح ہوگا۔

دوم فرض کرو کہ ٹ چھوٹا ہے ٹر سے ∴ ت < ر اس حالت مین چونکہ ت + ر < ۱۸۰° اور ر > ت صحیح ہوسکتے ہین اگر ر بڑا ہو خواہ چھوٹا ہو ۹۰° سے اسلیے مساوات (۲) سے یقین معلوم ہوسکتا کہ ر بڑا ہے یا چھو



ہے ۹۰° سے مثلاً

اس شکل میں اگر د ر = د ز

تو ظاہر ہے کہ دونوں د ت ر اور د ت ز مثلثون میں ٹ ز اور ت کی مقدار ایک ہی ہے اور اس صورت میں ∠ ت چھوٹا ہے بیرونی زاویہ د ز ر سے یا بیرونی زاویہ د ر ن سے یعنی ∠ ٹ چھوٹا ہے د ر ت سے اور اس لیے چھوٹا ہی ∠ د ر ت ... اور ٹ چھوٹا ہے ز سے اور پہلے بھی یہی تبلایا گیا تھا۔

۷۲۔ ایک مثلث کی کسی زاویہ کا کوساین بنام اوسکے ضلع کی نکالو۔

(دفعہ ۷۰ کی اشکال کو دیکھو)

فرض کرو کہ ب ر د ایک مثلث ہے نقطہ د سے ت ر یا ت ر کی کسی طرف کو بڑھائے ہوئے حصہ پر د ب ایک عمود ڈالو۔

اب بموجب شکل ۱۳ مقالہ دوم کی $ت ا^2 = ت د^2 + ت ر^2 - ۲ ت ر \times ت ب$ دفعہ ۷۰ کی اشکال اول و دوم میں۔

اور شکل سوم میں $د ر^2 = ت د^2 + ت ر^2 + ۲ ت ر \times ت ب$ کیونکہ ... (شکل ۱۲ مقالہ دوم)

اور شکل اول و دوم میں $\frac{ت ب}{ت د}$ = کوس ت ب = کوس ب ت ر

= − کوس د ت ب ... شکل سوم میں بموجب دفعہ ۲۶

ایسلیے ہر ایک اِن حالتوں میں

$$\text{ور}^{\text{٢}} = \text{تو}^{\text{٢}} + \text{تر}^{\text{٢}} - \text{٢}\,\text{تر} \times \text{تو} \times \text{کوس وتر}$$

$$\therefore \text{کوس وتر} = \frac{\text{تو}^{\text{٢}} + \text{تر}^{\text{٢}} - \text{ور}^{\text{٢}}}{\text{٢ تر} \times \text{تو}} \quad \text{یعنے کوس ت} = \frac{\text{ڑ}^{\text{٢}} + \text{ڈ}^{\text{٢}} - \text{ٹ}^{\text{٢}}}{\text{٢ڑ} \times \text{ڈ}}$$

٧٤ — ظاہر کرو کہ $\text{کوس}\,\tfrac{\text{١}}{\text{٢}}\,\text{ت} = \sqrt{\frac{\text{س} \times (\text{س} - \text{ٹ})}{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}$ جہاں $\text{س} = \tfrac{\text{١}}{\text{٢}}(\text{ٹ} + \text{ڑ} + \text{ڈ})$

کیونکہ $\text{١} + \text{کوس ت} = \text{١} + \frac{\text{ڑ}^{\text{٢}} + \text{ڈ}^{\text{٢}} - \text{ٹ}^{\text{٢}}}{\text{٢ڑ} \times \text{ڈ}} = \frac{\text{ڑ}^{\text{٢}} + \text{٢ڑ} \times \text{ڈ} + \text{ڈ}^{\text{٢}} - \text{ٹ}^{\text{٢}}}{\text{٢ڑ} \times \text{ڈ}}$

$$= \frac{(\text{ڑ} + \text{ڈ})^{\text{٢}} - \text{ٹ}^{\text{٢}}}{\text{٢ڑ} \times \text{ڈ}} = \frac{(\text{ڑ} + \text{ڈ} + \text{ٹ}) \times (\text{ڑ} + \text{ڈ} - \text{ٹ})}{\text{٢ڑ} \times \text{ڈ}}$$

اب $\text{١} + \text{کوس ت} = \text{٢}\,\text{کوس}^{\text{٢}}\,\tfrac{\text{١}}{\text{٢}}\,\text{ت}$ …… (دفعہ ٣٩ (٢))

اور $\text{س} - \text{ٹ} = \tfrac{\text{١}}{\text{٢}}(\text{ٹ} + \text{ڑ} + \text{ڈ}) - \text{ت}$

$$= \tfrac{\text{١}}{\text{٢}}(\text{ڑ} + \text{ڈ} - \text{ٹ})$$

$$\therefore \text{٢}\,\text{کوس}^{\text{٢}}\,\tfrac{\text{١}}{\text{٢}}\,\text{ت} = \frac{(\text{ڑ} + \text{ڈ} + \text{ٹ}) \times (\text{ڑ} + \text{ڈ} - \text{ٹ})}{\text{٢ڑ} \times \text{ڈ}}$$

$$= \frac{\text{٢س} \times \text{٢}(\text{س} - \text{ٹ})}{\text{٢ڑ} \times \text{ڈ}}$$

$$\therefore \text{کوس}\,\tfrac{\text{١}}{\text{٢}}\,\text{ت} = \sqrt{\frac{\text{س} \times (\text{س} - \text{ٹ})}{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}$$

٧٥ — ثابت کرو کہ $\text{سِن}\,\tfrac{\text{١}}{\text{٢}}\,\text{ت} = \sqrt{\frac{(\text{س} - \text{ڑ}) \times (\text{س} - \text{ڈ})}{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}$

بموجب دفعہ ( ) کے ظاہر ہے کہ —

$$2\,\text{سن}^2\tfrac{1}{2}\text{ت} = 1 - \text{کوس ت} = 1 - \frac{\text{ڑ}^2+\text{ڈ}^2-\text{ٹ}^2}{2\text{ڑ}\times\text{ڈ}} = \frac{\text{ٹ}^2-(\text{ڑ}-\text{ڈ})^2}{2\text{ڑ}\times\text{ڈ}}$$

$$= \frac{(\text{ٹ}+\text{ڈ}-\text{ڑ})\times(\text{ٹ}+\text{ڑ}-\text{ڈ})}{2\text{ڑ}\times\text{ڈ}}$$

اب $\text{س}-\text{ڑ} = \tfrac{1}{2}(\text{ٹ}+\text{ڑ}+\text{ڈ})-\text{ڑ} = \tfrac{1}{2}(\text{ٹ}+\text{ڈ}-\text{ڑ})$

اسیطرح $\text{س}-\text{ڈ} = \tfrac{1}{2}(\text{ٹ}+\text{ڑ}-\text{ڈ})$

$$\therefore 2\,\text{سن}^2\tfrac{1}{2}\text{ت} = \frac{2(\text{س}-\text{ڑ})\times 2(\text{س}-\text{ڈ})}{2\text{ڑ}\times\text{ڈ}}$$

$$\therefore \text{سن}\tfrac{1}{2}\text{ت} = \sqrt{\frac{(\text{س}-\text{ڑ})\times(\text{س}-\text{ڈ})}{\text{ڑ}\times\text{ڈ}}}$$

یہان اور دفعہ گذشتہ مین علامت نشان جذر کی ضرور مثبت ہوگی کیونکہ ت ایک زاویہ مثلث کا ہے اور ۱۸۰° سے کم ہے اسلیے کوس ½ت اور سن ½ت خواہ نخواہ مقدار مثبت ہین ۔

۱۴ ـ $\text{سن}^2\text{ت} = 1-\text{کوس}^2\text{ت} = (1+\text{کوس ت})\times(1-\text{کوس ت})$

$$= \left\{1+\frac{\text{ڑ}^2+\text{ڈ}^2-\text{ٹ}^2}{2\text{ڑ}\times\text{ڈ}}\right\}\times\left\{1-\frac{\text{ڑ}^2+\text{ڈ}^2-\text{ٹ}^2}{2\text{ڑ}\times\text{ڈ}}\right\}$$

$$= \frac{1}{4\text{ڑ}^2\times\text{ڈ}^2}\times(\text{ڑ}+\text{ڈ}-\text{ٹ})\times(\text{ڑ}+\text{ڈ}+\text{ٹ})\times(\text{ٹ}+\text{ڑ}-\text{ڈ})\times(\text{ٹ}+\text{ڈ}-\text{ڑ})$$

$$= \frac{1}{4\text{ڑ}^2\times\text{ڈ}^2}\times 2\text{س}\times 2(\text{س}-\text{ٹ})\times 2(\text{س}-\text{ڑ})\times 2(\text{س}-\text{ڈ})$$

$$= \frac{4}{\text{ڑ}^2\times\text{ڈ}^2}\times\text{س}(\text{س}-\text{ٹ})\times(\text{س}-\text{ڑ})\times(\text{س}-\text{ڈ})$$

$$\therefore \text{سن ت} = \frac{2}{\text{ڑ}\times\text{ڈ}}\times\sqrt{\text{س}(\text{س}-\text{ٹ})(\text{س}-\text{ڑ})\times(\text{س}-\text{ڈ})}$$

اسیطرح ٹان ½ ت = $\dfrac{\text{سین } \frac{1}{2} \text{ ت}}{\text{کوسین } \frac{1}{2} \text{ ت}} = \sqrt{\dfrac{(\text{س} - \text{ڑ}) \times (\text{س} - \text{ڈ})}{\text{س} (\text{س} - \text{ٹ})}}$

۷۷ — مفصلہ ذیل کی مساوات کی دوسرے جزو مین جو دو علامتین یعنے مثبت اور منفی کی دی ہوی اوسکی تشریح بیان کرو—

$$\text{کوسین } \tfrac{1}{2} \text{ ت} = \pm \sqrt{\dfrac{\text{س} (\text{س} - \text{ٹ})}{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}$$

چونکہ کوس (۲ن × ۱۸۰° ± ت) = کوسین ت ...... (دفعہ ۲۵)

$$\therefore \text{کوسین } (۲\text{ن} \times ۱۸۰^\circ \pm \text{ت}) = \dfrac{\text{ڑ}^۲ + \text{ڈ}^۲ - \text{ٹ}^۲}{۲ \text{ڑ} \times \text{ڈ}}$$

اس سے جیساکہ دفعہ ۴۷ مین ثابت ہوا ثابت ہو سکتا ہے کہ

$$\text{کوسین } (\text{ن} \times ۱۸۰^\circ \pm \tfrac{1}{2} \text{ ت}) = \pm \sqrt{\dfrac{\text{س} (\text{س} - \text{ٹ})}{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}$$

اب پہلی جزو اس مساوات سے دو قسم زاوجون کی نکلنا چاہیے جنکی کوساین ایک ہی مقدار کی ہون مگر مختلف العلامت ہون—

اول فرض کرو کہ ن عدد جفت ہو اور مساوی ہے ۲م کی

اب کوسین (ن × ۱۸۰° ± ½ ت) = کوس (۲م × ۱۸۰° ± ½ ت) = کوس (م × ۳۶۰° ± ½ ت)

اس مساوات مین م کی اعداد ۰ یا ۱ یا ۲ یا ۳ وغیرہ علی التواتر مقرر کرنی سے یہ زاویے نکلتے ہین یعنے ± ½ ت ، ۳۶۰° ± ½ ت ، ۲ × ۳۶۰° ± ½ ت ، ۳ × ۳۶۰° ± ½ ت ...... وغیرہ انکی کوساین اوسی مقدار کی ہین جیسے کہ کوساین ± ½ ت یا + ½ ت کے —

دویم فرض کرو کہ ن عدد طاق ہے اور برابر ہے ۲م + ۱ کے

تو کوس {ن × ۱۸۰° ± ½ت} = کوس {(۲م × ۱۸۰° + ۱۸۰ ± ½ت)}

اس مساوات مین م کی اعداد ۰ یا ۱ یا ۲ یا ۳ ...... وغیرہ علی التواتر مقرر کرنے سے یہ زاویٔے نکلتے ہین یعنے ۱۸۰° ± ½ت ، ۳۶۰° + (۱۸۰° ± ½ت) ، ۲ × ۳۶۰° + (۱۸۰° ± ½ت) ...... وغیرہ اِن سب زاویون کی کوساین اوسی مقدار کی ہین جبہ الکوساین ۱۸۰° ± ½ت کی اور جو

= کوس (۱۸۰° ± ½ت) = − کوس ½ت

اسلیئے اول جزو اس مساوات سے دو قسم زاویون کی جنکے کوساین ایک مقدار کے ہین مگر مختلف العلامت ہین نکلے۔

اور اسیطرح سے ثابت ہو سکتا ہے کہ سن ½ت ، ٹان ½ت ، سن ت کی جوابمین جو دو علامتین یعنے مثبت اور منفی کی آئی ہین اوسے دو قسم کے زاویے بھی نکل سکتے ہین۔

۱ مثلث قایمہ الزاویہ کے حل کرنیکے بیانمین

۷۸ — مثلث قایمہ الزاویہ کا زاویہ قایمہ اور ایک ضلع اور ایک اور جزو دیا گیا ہے ان جزون معلومہ کے ذریعہ سے باقی ماندہ جزو مثلث مذکور کے دریافت کرو۔

فرض کرو کہ ت ر د ایک مثلث قایمہ الزاویہ ہو اور د زاویہ قایمہ ہے۔

اول فرض کرو کہ ڈ اور ٹ علاوہ زاویہ قایمہ کے باقی دو جز معلوم ہین



تو کوس ت = $\frac{\text{ز}}{\text{ڈ}}$ ، اور سن ت = $\frac{\text{ٹ}}{\text{ڈ}}$

لب ز = لب ڈ + ل کوس ت − ۱۰   اس سے ز نکلی گا

∴ لب ٹ = لب ڈ + ل سن ت − ۱۰ ..... اس سے ٹ نکلی گا

اور ز = ۹۰° − ت   اس سے زاویہ ز نکلی گا

اسیطرح سے اگر زاویہ ز معلوم ہو تو زاویہ ت نکل سکتا ہے۔

دوم فرض کرو کہ ت اور ز معلوم ہین علاوہ زاویہ قایمہ کے

تو سک ت = $\frac{\text{ڈ}}{\text{ز}}$ اور ٹان ت = $\frac{\text{ٹ}}{\text{ز}}$

∴ لب ڈ = لب ز + ل سک ت − ۱۰   اس سے ڈ نکلیگا
لب ٹ = لب ز + ل ٹان ت − ۱۰   اس سے ٹ نکلیگا

اور ز = ۹۰° − ت   اس سے زاویہ ز نکلیگا۔

سوم فرض کرو کہ ت اور ٹ علاوہ قایمہ کے معلوم ہین

تو ٹان ت = $\frac{\text{ٹ}}{\text{ز}}$ ∴ ز = $\frac{\text{ٹ}}{\text{ٹان ت}}$ ، اور لب ز = لب ٹ − ل ٹان ت + ۱۰

اور سن ت = $\frac{\text{ٹ}}{\text{ڈ}}$ ∴ ڈ = $\frac{\text{ٹ}}{\text{سن ت}}$ = ٹ × کوسک ت

اور لب ڈ = لب ٹ − ل سن ت + ۱۰ اور ز = ۹۰° − ت

چہارم فرض کرو کہ ٹ اور ڑ علاوہ قایمہ کے معلوم ہین

تو تان ت = $\frac{\text{ٹ}}{\text{ڑ}}$ ∴ ل تان ت = لب ٹ − لب ڑ + ۱۰

اور ز = ۹۰° − ت اور $\frac{\text{ڈ}}{\text{ڑ}}$ = سک ت

∴ لب ڈ = لب ڑ + ل سک ت − ۱۰

مساوات ڈ = $\sqrt{(\text{ٹ}^2 + \text{ڑ}^2)}$ سے ڈ معلوم ہوگا مگر عمل نکالنے ڈ کا بہت بھاری ہے خصوصاً اگر ٹ اور ڑ بڑی اعداد کیواسطے آئی ہون۔

پنجم فرض کرو کہ ڈ اور ٹ علاوہ قایمہ کے معلوم ہین

تو سن ٹ = $\frac{\text{ٹ}}{\text{ڈ}}$ اور ∴ ل سن ت = لب ٹ − لب ڈ + ۱۰

اور $\frac{\text{ڑ}}{\text{ڈ}}$ = کوس ت ∴ لب ڑ = لب ڈ + ل کوس ت − ۱۰

یا $\text{ڑ}^2 = \text{ڈ}^2 - \text{ٹ}^2 = (\text{ڈ} + \text{ٹ})(\text{ڈ} - \text{ٹ})$

∴ لب ڑ = $\frac{1}{2}$ {لب (ڈ + ٹ) + لب (ڈ − ٹ)}

اس سے ڑ بلا نکالنے ت کے معلوم ہوگا۔

۷۹ — مختلف حالتو مین مختلف طریقے واسطے دریافت کرنے جزو غیر معلومہ کے استعمال کرنا چاہیے مضمون مندرجہ شرح (۳ کے ۱۱ دفعہ کا) صحت کے ساتھہ یاد رکہنا ضرور ہے اور ہر حالتمین ایسا قاعدہ منتخب کرنا چاہیے جس سے نتیجہ نہایت صحیح نکلے۔

مثلاً اگر حالت اخیر مین یعنی بحسبم مین ڑ بہت چہوٹا ہو بمقابلہ ٹ اور ڈ کے تو زاویہ ت عنقریب زاویہ قایمہ کے ہوگا اور زاویہ ت مین تہوڑی زیادتی ہونے کی سبب سے سن ت مین جو زیادتی ہوگی [یعنے کوس ت × سن ٹ × {۱ − ٹان ت × ٹان $\frac{۱}{۲}$ ت}] (۵۹) وہ نہایت کم ہی اور جس قدر کہ زاویہ بڑہ گیا اوسقدر اوسکے سن مین زیادتی نہین ہوئی اسلیے اس حالت مین سن ت کا مقدار بذریعہ نقشون لوگارثم کے نہایت صحیح نہین نکل سکتا بہتر طریقہ واسطے دریافت کرنے زاویہ ت کے ایسی حالت مین یہ ہوگا کہ اول لمبائی ڑ کے معلوم کرلیجاوے اور بعدازان اوسکے کوساین سے زاویہ ت معلوم کرلیا جاوے مثلاً۔

$$\text{کوس ت} = \frac{\text{ڑ}}{\text{ڈ}} \quad \therefore \text{ل کوس ت} = \text{ل}_{۱}\text{ڑ} - \text{ل}_{۱}\text{ڈ} + ۱۰$$

$$= \text{ل}_{۱}{}^{\frac{۱}{۲}}(\text{ڈ}^{۲} - \text{ٹ}^{۲}) - \text{ل}_{۱}\text{ڈ} + ۱۰$$

$$= \frac{۱}{۲}\{\text{ل}_{۱}(\text{ڈ} + \text{ٹ}) + \text{ل}_{۱}(\text{ڈ} - \text{ٹ})\} + ۱۰ - \text{ل}_{۱}\text{ڈ}$$

۸۰۔ تمثیل

ڈ = ۳۶۵٫۱ ، ٹ = ۳۴۸٫۳ اس سے زاویہ ت نکالو

(لوگارثم جو اس تمثیل اور اور تمثیلون مین مستعمل ہوی ہین تین صفحون مین جنمین لوگارثم کا ذکر ہے بعد شرح (۱) و (۲) ملین گے۔

یہان ڈ + ٹ = ۷۱۳٫۴ اور ڈ − ٹ = ۱۶٫۸

مساوات مندرجہ بالا کے حل کرنے سے ل ۷۱۳٫۴ = ۲٫۸۵۳۳۳۳۱

ل ۷۱۳٫۴ = ۲٫۸۵۳۳۳۳۱

ل ۱۶٫۸ = ۱٫۲۲۵۳۰۹۳

۲) ۴٫۰۷۸۶۴۲۴

۲٫۰۳۹۳۲۱۲

۱۰

۱۲٫۰۳۹۳۲۱۲

ل ۳۶۵٫۱ = ۲٫۵۶۲۴۱۱۸

۹٫۴۷۶۹۰۹۴

اور ل کوس ۷۲° ۳۳' ۹٫۴۷۶۹۳۸۰ یہ شرح ۳ (۳) ۹ تمثیل ۳ مین ملیگا

حاصل تفریق = ۲۸۶

اور حاصل تفریق ۱' کا اس حالت مین = ۶۷٫۰۱۶

اور ۲۸۶ / ۶۷٫۰۱۶ = ۴٫۲۶۷ = ۴٫۲۷״ تقریباً

∴ ت = ۷۲° ۳۳' ۴٫۲۷״ یعنی ۷۲ ڈگری ۳۳ منٹ اور قریب ۴٫۲۷ سکنڈ کے

۲— اون مثلثون کے حل کرنیکی بیان مین جنکا زاویہ قائمہ نہین ہے

۱۸— فرض کرو کہ کسی مثلث کے دو زاوئی اور اون زاویون کے درمیان کا ضلع معلوم ہین یعنی (زاوے ت اور د اور ضلع ڑ)

چونکہ ت + ز + د = ۱۸۰° ∴ ز = ۱۸۰° − (ت + د) اس سے زاویہ ز نکلتا ہے

$$\text{اور ٹ} = \text{ڑ} + \frac{\text{سن ت}}{\text{سن ز}}\text{،}$$

∴ لبا ٹ = لبا ڑ + ل سن ت − ل سن ز اس سے ٹ نکلتا ہے۔

$$\text{اور ڈ} = \text{ڑ} + \frac{\text{سن د}}{\text{سن ز}}$$

∴ لبا ڈ = لبا ڑ + ل سن د − ل سن ز اس سے ڈ نکلتا ہے۔

اگر ت + د چھوٹا ہی ۹۰° دگری سے تو مقدار ز کا دریافت کرنا واسطے معلوم کرنے ٹ اور ڈ کے مطلوب نہین ہے۔

کیونکہ سن ز = سن {۱۸۰° − (ت + د)} = سن (ت + د)

∴ لبا ٹ = لبا ڑ + ل سن ت − ل سن (ت + د)

اور لبا ڈ = لبا ڑ + ل سن د − ل سن (ت + د)

۸۲— فرض کرو کہ دو زاوی اور ایک ضلع مقابل کسی ایک اِن زاویوں کا معلوم ہین یعنی (زاوی ت م د اور ضلع ٹ)

$$\text{تو ز} = ۱۸۰° - (\text{ت} + \text{د}) \quad \text{اور ڑ} = \text{ٹ} \times \frac{\text{سن ز}}{\text{سن ت}}$$

∴ لبا ڑ = لبا ٹ + ل سن ز − ل سن ت

= لبا ٹ + ل سن (ت + د) − ل سن ت

اور $\text{ڈ} = \text{ٹ} \times \frac{\text{سن د}}{\text{سن ت}}$ ∴ $\text{ل}_{۱}\text{ڈ} = \text{ل}_{۱}\text{ٹ} + \text{ل سن د} - \text{ل سن ت}$

۸۳– فرض کرو کہ دو اضلاع اور زاویہ درمیانی اِنْ اضلاع کا معلوم ہیں یعنی (ڈ، ت، ڑ)

اول جزون معلومہ سے زاویٔ ز و د معلوم کرو

$$\text{ز} + \text{د} = ۱۸۰^\circ - \text{ت} \quad \therefore \tfrac{۱}{۲}(\text{ز} + \text{د}) = \tfrac{۱}{۲}(۱۸۰^\circ - \text{ت})$$

اور $\frac{\text{ڑ}}{\text{ڈ}} = \frac{\text{سن ز}}{\text{سن د}}$ ∴ $\frac{\frac{\text{ڑ}}{\text{ڈ}} - ۱}{\frac{\text{ڑ}}{\text{ڈ}} + ۱} = \frac{\frac{\text{سن ز}}{\text{سن د}} - ۱}{\frac{\text{سن ز}}{\text{سن د}} + ۱}$

$$\therefore \frac{\text{ڑ} - \text{ڈ}}{\text{ڑ} + \text{ڈ}} = \frac{\text{سن ز} - \text{سن د}}{\text{سن ز} + \text{سن د}} = \frac{\text{ٹان } \tfrac{۱}{۲}(\text{ز} - \text{د})}{\text{ٹان } \tfrac{۱}{۲}(\text{ز} + \text{د})} \ldots\ldots (\text{دفعہ } ۵۲)$$

اور $\text{ٹان } \tfrac{۱}{۲}(\text{ز} + \text{د}) = \text{ٹان } \tfrac{۱}{۲}(۱۸۰^\circ - \text{ت}) = \text{کوٹ } \tfrac{۱}{۲}\text{ت}$

$$\therefore \text{ٹان } \tfrac{۱}{۲}(\text{ز} - \text{د}) = \frac{\text{ڑ} - \text{ڈ}}{\text{ڑ} + \text{ڈ}} \times \text{کوٹ } \tfrac{۱}{۲}\text{ت}$$

$$\therefore \text{ل ٹان } \tfrac{۱}{۲}(\text{ز} - \text{د}) = \text{ل}_{۱}(\text{ڑ} - \text{ڈ}) - \text{ل}_{۱}(\text{ڑ} + \text{ڈ}) + \text{ل کوٹ } \tfrac{۱}{۲}\text{ت} \ldots\ldots (۲)$$

$\tfrac{۱}{۲}(\text{ز} - \text{د})$ اوپر کی مثالون سے معلوم ہوا اور $\tfrac{۱}{۲}(\text{ز} + \text{د})$ معلوم ہے –

$$\left.\begin{aligned} \text{ز} &= \tfrac{۱}{۲}(\text{ز} + \text{د}) + \tfrac{۱}{۲}(\text{ز} - \text{د}) \\ \text{د} &= \tfrac{۱}{۲}(\text{ز} + \text{د}) - \tfrac{۱}{۲}(\quad - \text{د}) \end{aligned}\right\}$$ اسلیے ز اور د معلوم ہوگی

اور $\text{ٹ} = \text{ڈ} \times \frac{\text{سن ت}}{\text{سن د}}$ اس سے ٹ نکلتا ہے

– اگر (ڈ، ت، ڑ) معلوم ہون تو ٹ بلا معلوم کرنے ز اور د کے معلوم

ہوم ہوسکتا ہے ـــ

کیونکہ $\text{ٹ}^2 = \text{ڑ}^2 + \text{ڈ}^2 - 2\,\text{ڑ}\times\text{ڈ}\times\text{کوسن ت}$

$= \text{ڑ}^2 + \text{ڈ}^2 - 2\,\text{ڑ}\times\text{ڈ}\left(1 - 2\,\text{سن}^2\,\tfrac{1}{2}\,\text{ت}\right)$ .... دفعہ ۳۹ (۳)

$= (\text{ڑ}-\text{ڈ})^2 + 4\,\text{ڑ}\times\text{ڈ}\times\text{سن}^2\,\tfrac{1}{2}\,\text{ت}$

$= (\text{ڑ}-\text{ڈ})^2 \times\left\{1 + \frac{4\,\text{ڑ}\times\text{ڈ}}{(\text{ڑ}-\text{ڈ})^2}\times\text{سن}^2\,\tfrac{1}{2}\,\text{ت}\right\}$

$= (\text{ڑ}-\text{ڈ})^2 \times\left\{1 + \left(\frac{2\sqrt{\text{ڑ}\times\text{ڈ}}}{\text{ڑ}-\text{ڈ}}\times\text{سن}\,\tfrac{1}{2}\,\text{ت}\right)^2\right\}$

اب $\frac{2\sqrt{\text{ڑ}\times\text{ڈ}}}{\text{ڑ}-\text{ڈ}}\times\text{سن}\,\tfrac{1}{2}\,\text{ت}$ کسی مقدار اور کسی علامت کا ہوسکتا ہے اور اسلیے کسی نہ کسی زاویہ کا ٹانجنٹ اوس مقدار کے برابر ہے فرض کہ وہ زاویہ یہہ ھ ہے

تو $\text{ٹان ھ} = \frac{2\sqrt{\text{ڑ}\times\text{ڈ}}}{\text{ڑ}-\text{ڈ}}\times\text{سن}\,\tfrac{1}{2}\,\text{ت}$ ....(۱)

اور $\text{ٹ}^2 = (\text{ڑ}-\text{ڈ})^2\times(1+\text{ٹان}^2\,\text{ھ}) = (\text{ڑ}-\text{ڈ})^2\times\text{سک}^2\,\text{ھ}$

$\therefore\ \text{ٹ} = (\text{ڑ}-\text{ڈ})\times\text{سک ھ}$ ....(۲)

(۱) سے $\text{ل ٹان ھ} = \text{لا}\,2 + \tfrac{1}{2}\,\text{لا ڑ} + \tfrac{1}{2}\,\text{لا ڈ} - \text{لا}\,(\text{ڑ}-\text{ڈ}) + \text{ل سن}\,\tfrac{1}{2}\,\text{ت}$

$= \tfrac{1}{2}(\text{لا ڑ} + \text{لا ڈ}) + \text{لا}\,2 + \text{ل سن}\,\tfrac{1}{2}\,\text{ت} - \text{لا}\,(\text{ڑ}-\text{ڈ})$

اس مساوات سے ھ نکلتا ہے

(۲) سے $\text{لا ٹ} = \text{لا}\,(\text{ڑ}-\text{ڈ}) + \text{ل سک ھ} - 10$ اس سے ٹ نکلتا ہے

۵۸ — اگر ڈ سے ڑ تھوڑی ہی بڑا ہو تو ڑ — ڈ بہت چھوٹا ہے اور $\frac{۲\sqrt{ڑ \times ڈ}}{ڑ - ڈ}$ کس ا $\frac{۱}{۲}$ س جو ٹان ۸ کا مقدار ہے بہت بڑا ہی سوا ہے اوس حالت مین جبکہ $\frac{۱}{۲}$ ت اور اسلیے سن $\frac{۱}{۲}$ ت بہت چھوٹا ہے چونکہ ٹانجنٹ اون زاویون کا جو قریب قایمہ کے ہین بہت بڑا ہے اسلئے ۸ اس حالت مین قریب ایک قایمہ کے ہے۔

اب اگر کسی زاویہ کے ٹانجنٹ سے وہ زاویہ نکالنا ہو جسمین پوری ڈگری اور منٹ نہ آتے ہون تو باقی سکنڈ کے نکالنے کا یہ طریقہ ہے کہ فہرست لوگارتم کی زیادتی پڑتی ہے بموجب زاویے کے زیادتی کی مگر جبکہ زاویہ برابر ہے قریب (۲ ن + ۱) × ۹۰° کے تو ٹانجنٹ کی نسبت یہ قاعدہ صحیح نہین (بموجب دفعہ ۶۲ اور شرح ۳ کے دفعہ ۱۱) اور اسلیے ۸ ایسا صحیح نہین نکل سکتا جس سے ٹ صحیح نکلے مساوات ٹ = (ڑ − ڈ) × سک ۸ کے ذریعہ سے اور اسلیے جبکہ ڈ برابر بھی قریب ڑ کے اور ت بہت چھوٹا زاویہ نہین ہے تب طریقہ مفصلہ ذیل سے ٹ زیادہ صحیح نکلیگا بہ نسبت اوپر لکھے ہوئے طریقہ سے۔

$$\text{ٹ}^{۲} = \text{ڑ}^{۲} + \text{ڈ}^{۲} - ۲\,\text{ڑ} \times \text{ڈ}\ \text{کوس ت} = \text{ڑ}^{۲} + \text{ڈ}^{۲} - ۲\,\text{ڑ} \times \text{ڈ}\left[۲\ \text{کوس}^{۲}\ \tfrac{۱}{۲}\text{ت} - ۱\right] \ldots\ldots (۲۹)$$

$$= (\text{ڑ}^{۲} + \text{ڈ}^{۲} - ۲\,\text{ڑ} \times \text{ڈ}) - ۴\,\text{ڑ} \times \text{ڈ} \times \text{کوس}^{۲}\ \tfrac{۱}{۲}\text{ت}$$

$$= (\text{ڑ} + \text{ڈ})^{۲} \times \left\{۱ - \left(\frac{۲\sqrt{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}{\text{ڑ} + \text{ڈ}} \times \text{کوس}\ \tfrac{۱}{۲}\text{ت}\right)^{۲}\right\}$$

$(\sqrt{\text{ڑ}} - \sqrt{\text{ڈ}})^{۲}$ یا $\text{ڑ} - ۲\sqrt{\text{ڑ} \times \text{ڈ}} + \text{ڈ}$ بسبب ہونے مربع کے خواہ مخواہ مقدار مثبت ہین

اسلیے اوس مقدار کا حصہ مثبت بڑا ہے بہ نسبت حصہ منفی کے یعنی $\text{ڑ} + \text{ڈ} > ۲\sqrt{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}$

$\therefore$ $\frac{۲\sqrt{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}{\text{ڑ} + \text{ڈ}}$ کسر ہے اور $\frac{۲\sqrt{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}{\text{ڑ} + \text{ڈ}} \times$ کوس $\frac{۱}{۲}$ ت بھی کسر ہے

اسلیے فرض کرو کہ زاویہ ع وہ زاویہ ہے جسکا ساین $= \frac{۲\sqrt{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}{\text{ڑ} + \text{ڈ}} \times$ کوس $\frac{۱}{۲}$ ت

یعنے ساین ع $= \frac{۲\sqrt{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}{\text{ڑ} \times \text{ڈ}} \times$ کوس $\frac{۱}{۲}$ ت ....(۱)

تو $\text{ٹ}^۲ = (\text{ڑ} + \text{ڈ})^۲ \times (۱ - \text{سن}^۲\ \text{ع})$

$\therefore$ $\text{ٹ} = (\text{ڑ} \times \text{ڈ}) \times$ کوس ع ....(۲)

(۱) سے ل سن ع $=$ ل۲ $+ \frac{۱}{۲}$ ل ڑ $+ \frac{۱}{۲}$ ل ڈ $-$ ل(ڑ + ڈ) $+$ ل کوس $\frac{۱}{۲}$ ت

$= \frac{۱}{۲}$(ل ڑ + ل ڈ) $+$ ل۲ $+$ ل کوس $\frac{۱}{۲}$ ت $-$ ل(ڑ + ڈ)

(۲) سے ل ٹ $=$ ل(ڑ + ڈ) $+$ ل کوس ع $- ۱۰$

ان دونوں سے ع اور ٹ نکلتی ہین

۸۶ - فرض کرو کہ دو اضلاع اور ایک زاویہ مقابل کسی ایک ان زاویونکا معلوم ہین (ٹ، ڑ، ت) دفعہ ۲۷ مین یہ ثابت ہوگیا ہے کہ جزون مذکورہ بالا (یعنی ٹ، ڑ، ت) معلومہ سے حل کرنا مشتبہ ہوگا جبانکہ ٹ بڑا ہو ڑ سے لیکن اگر ٹ بڑا ہو ڑ سے تو

سن ر $= \frac{\text{ڑ}}{\text{ٹ}} \times$ سن ت اسمین زاویہ ر ۹۰° سے چھوٹا ہے

اور و $= ۱۸۰^\circ$ (ت + ر) اور ڈ $=$ ٹ $\times \frac{\text{سن و}}{\text{سن ت}}$

۷۸- فرض کرو کہ تینون اضلاع مثلث کے معلوم ہین یعنے (ٹ، ڑ، ڈ)

$$\text{اب سن ت} = \frac{۲}{\text{ڑ} \times \text{ڈ}} \times \sqrt{\text{س}(\text{س} - \text{ٹ}) \times (\text{س} - \text{ڑ}) \times (\text{س} - \text{ڈ})}$$

$$\text{سن } \tfrac{1}{2}\text{ت} = \sqrt{\frac{(\text{س} - \text{ڑ}) \times (\text{س} - \text{ڈ})}{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}$$

$$\text{کوسن } \tfrac{1}{2}\text{ت} = \sqrt{\frac{\text{س}(\text{س} - \text{ٹ})}{\text{ڑ} \times \text{ڈ}}}$$

$$\text{ٹان } \tfrac{1}{2}\text{ت} = \sqrt{\frac{(\text{س} - \text{ڑ}) \times (\text{س} - \text{ڈ})}{\text{س}(\text{س} - \text{ٹ})}} \; *$$

*اگر زاویہ درمیانی سے قاعدہ پر یا قاعدہ کے کسی طرف کے بڑھائی ہوئی حصہ پر ایک عمود ڈالا جاوے تو اشکال ۱۲ و ۱۳ مقالہ دوم کے نتایج سے ظاہر ہو سکتا ہی کہ

قاعدہ

: حاصل جمع دو اضلاع

:: حاصل تفریق دو اضلاع

: حاصل تفریق یا حاصل جمع قاعدہ کے دو ٹکڑون کے

اس تناسب کے چوتھی جزو مین حاصل جمع اوسوقت ہوگا جب عمود قاعدہ کے بڑھائی ہوئے حصہ کو قطع کرتا ہے اور حاصل تفریق اوسوقت ہوگا جب عمود قاعدہ کو بلا بڑھانے کے جبکہ تین اضلاع ایک مثلث کے معلوم ہون تو مثلث مذکور کو دو مثلثون قایمہ الزاویہ مین تقسیم کرنے سے، ت کا دریافت کرنا زیادہ سہل ہوگا بہ نسبت اوس قاعدہ سے جو کہ کتاب مین دیا گیا ہے +

قطع کرتا ہے۔

ت ب = (ت ر ± ر ب) اس مساوات سے چوتھا جزو دریافت ہونے پر کوس ت جو برابر ہے $\frac{\text{ت ب}}{\text{ت و}}$ کے معلوم ہو سکتا ہے۔

۸۸ — یاد رکھنا چاہیے کہ اگر ت قریب ۹۰° کے ہو تو اول قاعدہ دفعہ ۸۰ سے ت کا مقدار بہت صحیح معلوم نہوگا کیونکہ اس حالت مین سن ت مین جو تھوڑی زیادتی ہوگی وہ اسقدر نہین گھٹتی بڑھتی ہے جیسا زیادتی زاویہ ت کے اور بہت کم بھی ہے (شرح ۲ دفعہ ۱۱) اس حالت مین کوئی قاعدہ تین قاعدون سے مستعمل ہو سکتا ہے دوسرا اور تیسرا قاعدہ اوس وقت استعمال کرنا چاہیے جب کوس ½ ت یا سن ½ ت بڑا ہو یعنے جبکہ ½ ت خواہ چھوٹا ہو یا بڑا ہو ۴۵° سے (۶۳) قاعدہ چوتھا ہر حالتمین مستعمل ہو سکتا ہے سوای اوس حالت کے جبکہ ½ ت برابر ہے قریب ۹۰° کے (۶۲)

مثال ۱۔

۸۹ اگر کوئی شے ز د بطور عمود کسی سطح ہموار* پر قائم ہو تو اوس کی اونچائی بذریعہ ناپنے کسی خط ب و کی جو کہ اوسی سطح پر واقع ہو اور جسکو قاعدہ بھی کہتے ہین اور بذریعہ ناپنے زاویہ ر ب د کی دریافت ہو سکتی ہے

---

* سطح ہموار سے یہان وہ سطح مراد ہے جو افق کے متوازی ہو یعنے جو متوازی ہو اوس دائرہ کے جسکو ہم لوگ اپنے چاروطرف دیکھتے ہین اور جہان معلوم ہوتا ہے کہ آسمان زمین سے مل گیا ہے۔

ناپنے کسی خط ت د کے جو کہ اوسی سطح پر واقع ہے اور جس کو قاعدہ بہی کہتے ہین اور بذریعہ ناپنے زاویہ ر ت د کے دریافت ہوسکتی ہے۔



کیونکہ ر د = ت د × ٹان ر ت د

∴ لو ر د = لو ت د + ل ٹان ر ت د − ۱۰

مثال ۲

اگر شے مذکور کی پائین تک پہونچنا غیر ممکن ہو تو قاعدہ ب ت کو اسطرح سے ناپ لو کہ نقاط ب، ت، د ایک ہی خط مستقیم مین ہون اور زاویہ جات ر ب ت، ر ت د کو ناپ لو تو اس سے اونچائی شے مذکور کی معلوم ہو جاویگی۔



یہان ہر دو زاویے اور ایک ضلع مثلث ر ت ب کے معلوم ہین پہلے ضلع ر ت کو دریافت کر لو اور تب ضلع ر د کی اونچائی مثلث ر ت د قایمہ الزاویہ سے کہ معلوم ہو سکتی ہے اسطرح سے

$$\frac{\text{ت ر}}{\text{ت ب}} = \frac{\text{سن ر ب ت}}{\text{سن ب ر ت}} = \frac{\text{سن ر ب ت}}{\text{سن (ر ت د − ر ب ت)}}$$

$$\text{اور ر د = ر ت × سن ر ت د = ت ب} \times \frac{\text{سن ر ب ت × سن ر ت د}}{\text{سن (ر ت د − ر ب ت)}}$$

∴ لو ر د = لو ت ب + ل سن ر ب ت + ل سن ر ت د − ل سن (ر ت د − ر ب ت) − ۱۰

مثال ۳

اگر ب خط ت د مین نہو تب بہی اونچائی ر د کے معلوم ہو سکتے ہے۔



فرض کرو کہ نقطہ ت کو زاویہ رتد و رت ب ناپی گئی ہین اور نقطہ ب پر کا زاویہ رب ت ناپا گیا ہی چونکہ △ رب ت مین زاویہ رب ت و رت ب اور ضلع ت ب معلوم ہین اگر رت ان جزون معلومہ سی دریافت کیا جا سکتا ہو تو ر د بذریعہ مثلث قایمہ الزاویہ رت د کے معلوم ہو سکتا ہے

اسیطرحسی رت / ت ب = سن ر ب ت / سن ب ر ت = سن ر ب ت / سن {۱۸۰ − (ر ب ت + رت ب)}

∴ رب = ت ب × سن ر ب ت / سن (ر ب ت + رت ب)

اور ر د = رت × سن رت د = ت ب × سن ر ب ت × سن رت د / سن (ر ب ت + رت ب)

ل ر د = ل ت ب + ل سن ر ب ت + ل سن رت د − ل سن (ر ب ت + رت ب) − ۱۰

ظاہر ہے کہ ب کا واقع ہونا باہر اوس سطح ہموار کے جسمین نقاط ت اور د واقع ہین ر د کی دریافت کرنے مین نقطہ ت سے ناپ لیا جاوے اور زاویہ جات رت د و رت ب و رب ت ناپ لیے جاوین تو اوس سطح ہموار سے جسمین نقاط ت اور د واقع ہین اونچائی نقطہ ر کی دریافت کرنےمین یہ معلومات کافی ہونگے۔

مثال ۴

ایک مکان ر د کے چھت پر سے جسکی اونچائی معلوم ہے ایک دریا ی ت ب کی



چوڑائی دریافت کرنا ہے۔

نقطہ ر سے ایک خط رم وب کا متواری کہینچو اور زاوے م رب اور م رت دریافت کرو تو زاویہ م رب = زاویہ رب و اور زاویہ م رت = رت و اور

$$\text{ب ت} = \text{ر ت} \times \frac{\text{سن ب ر ت}}{\text{سن ر ب ت}}$$

$$= \text{ر ت} \times \frac{\text{سن (ر ت و} - \text{ر ب ت)}}{\text{سن ر ب ت}}$$

$$= \frac{\text{ر} \times \text{و}}{\text{سن ر ت ب}} \times \frac{\text{سن (ر ت و} - \text{ر ب ت)}}{\text{سن ر ب ت}}$$

مثال ۵

جس قدر کہ غلطی اونچائی مین ہوئی ہو بسبب واقع ہونے تہوری غلطی زاویہ کی دیکہنے مین اوسکو دریافت کرو۔

فرض کرو کہ ر و = و یعنی اونچائی



ت و = ث

زاویہ رت و = ٹ

فرض کرو کہ ک غلطی اونچائی کی ہے اور ط غلطی زاویہ کی ہے۔

$$\text{تو } \text{و} = \text{ٹ} \times \text{ٹان ت} \quad \text{اور} \quad \text{و} + \text{ک} = \text{ٹ} \times \text{ٹان} (\text{ت} + \text{ط})$$

$$\therefore \text{ک} = \text{ٹ} \times \left\{ \text{ٹان} (\text{ت} + \text{ط}) - \text{ٹان ت} \right\}$$

